بسم اللہ الرحمن الرحیم

گناہوں کی بخشش کا عظیم خزانہ

قرآنی آیات اور صحیح احادیث کی روشنی میں

ادارہ کتاب و حکمت فیصل آباد

0300-6686931

Youtube Abdul Mannan Rasikh • Facebook Rasikh Rasikh

- ''اِستغفار'' کا معنیٰ ہے ''بخشش طلب کرنا''۔ یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کو یہ بات کہنا کہ اے میرے اللہ! میں گناہ گار ہوں، میں نے بہت گناہ کیے ہیں، مجھے اپنے سب گناہوں کا اعتراف ہے، میں اپنے گناہوں پر بہت زیادہ شرمندہ ہوں، مجھے گناہوں کے بُرے اثرات سے بچالیں اور میرے گناہوں کو معاف کرتے ہوئے مجھے اپنی رحمت اور بخشش میں ڈھانپ لیں۔

- ''اِستغفار'' یعنی اللہ سے معافی مانگنا اور اللہ تعالیٰ سے معافی کو حاصل کرنا اصل کامیابی ہے، جس کو معافی مل گئی اُس کو ہر نعمت مل گئی، کیونکہ اللہ تعالیٰ بہت زیادہ رحمٰن، رحیم اور کریم ہیں، ہمارے اور پیارے اللہ کے درمیان سب سے بڑی رکاوٹ گناہوں کی ہوتی ہے، ہم گناہوں کی وجہ سے بہت زیادہ آزمائشوں اور نحوستوں میں گرفتار ہوجاتے ہیں اور جب یہ رکاوٹ ختم ہوتی ہے، ہمیں معافی کا خزانہ نصیب ہوتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ ہمارے لیے اپنے کرم اور اپنے نوازشات کے سب خزانے کھول دیتے ہیں۔

قرآن وحدیث کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ حضرتِ آدم علیہ السلام سے لے کر معصوموں کے امام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام نبیوں اور رسولوں نے اللہ تعالیٰ سے سب سے زیادہ اِستغفار ہی کیا ہے، اُس سے اُس کی بخشش کا خزانہ ہی مانگا ہے، حالانکہ وہ گناہ کے تصور سے بھی پاک شخصیات تھیں، قرآن پڑھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ تمام نبی علیہم السلام اپنی قوموں کو بار بار اِستغفار کا حکم ہی کرتے رہے ہیں، کیونکہ اِس سے ہر تکلیف دور ہوتی ہے اور ہر خیر حاصل ہوتی ہے۔

یاد رہے! گناہ نہ بھی ہوں تو اِستغفار مستقل عبادت ہے اور اِس میں حلاوت ہے اور بندے کی طرف سے اللہ کی بارگاہ میں بہت زیادہ عاجزی کا اظہار ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو سچے دِل سے اِستغفار کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین ثم آمین

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے ہمارے داتا بلاشبہ ہم ایمان لے آئے ہیں، ہمارے لیے ہمارے گناہوں کو معاف کردیں اورہمیں آگ کےعذاب سے بچالیں آل عمران:16

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ آل عمران:147

اے ہمارے داتا ہمیں ہمارے گناہ معاف کردیں اور ہمارے معاملے میں ہماری زیادتی کوبھی معاف کردیں ہمارے قدموں کومضبوط کردیں اورکافرقوم پرہماری مدد فرمادیں

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ الاعراف:23

اے ہمارے داتا ہم نے اپنی جانوں پرظلم کیا ہے، اگرآپ نےہمیں معاف کرکے ہم پررحم نہ کیاتو ہم بلاشبہ نقصان پانے والوں میں سے ہوجائیں گے

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ

ہمارے پروردگار مجھے میرے والدین کواورسب ایمان والوں کومعاف کردینا، جس دن حساب قائم ہوگا ابراھیم:41

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

اے ہمارے داتا ہمیں معاف فرمادیں اور ہمارے اُن بھائیوں کوبھی معاف کردیں جوہم سے پہلے ایمان میں سبقت لے گئے اور ہمارے دِلوں میں ایمان والوں کا کینہ نہ رہنے دینا اے ہمارے داتا بلاشبہ آپ بہت زیادہ پیار کرنے والے ہیں ہمیشہ رحم

کرنے والے ہیں الحشر:10

• رَبَّنَآ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيۡرٌ

اے ہمارے داتا ہمارے لیے ہمارے نور کو پورا کر دیں اور ہمیں معاف فرما دیں بلاشبہ آپ ہر چیز پر بہت زیادہ قدرت رکھنے والے ہیں التحریم:8

• رَبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ المؤمنون:118

میرے داتا معاف کر دیں اور رحم فرما دیں اور آپ ہی سب سے بہتر رحم کرنے والے ہیں

• اَنۡتَ وَلِيُّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ الۡغٰفِرِيۡنَ

آپ ہی ہمارے سرپرست ہیں، ہمیں معاف فرما دیں اور ہم پر رحم کر دیں اور آپ ہی بہترین معاف کرنے والے ہیں الاعراف:155

• سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ الۡمَصِيۡرُ

ہم نے سُنا اور مان لیا، ہمارے پروردگار آپ کی بخشش چاہتے ہیں اور آپ کی طرف ہی لوٹ کر جانا ہے البقرہ:285

• سُبۡحٰنَكَ تُبۡتُ اِلَيۡكَ الاعراف:143

آپ پاک ہیں، میں آپ کی طرف توبہ کرتا ہوں

• اَللّٰهُمَّ اَنۡتَ رَبِّیۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ خَلَقۡتَنِیۡ وَاَنَا عَبۡدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهۡدِكَ وَوَعۡدِكَ مَا اسۡتَطَعۡتُ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شَرِّ مَا صَنَعۡتُ اَبُوۡٓءُ لَكَ بِنِعۡمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوۡٓءُ لَكَ بِذَنۡبِیۡ فَاغۡفِرۡلِیۡ فَاِنَّهٗ لَا يَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّآ اَنۡتَ صحیح البخاری:٦٣٠٦

اے میرے اللہ! آپ ہی بے شمار نعمتوں کے ساتھ میری پرورش کرنے والے

ہیں۔آپ کے سوا میرا کوئی معبود، مشکل کشا اور حقیقی حاکم نہیں،آپ ہی نے مجھے پیدا کیا ہے اور میں آپ کا بندہ ہوں، اپنی طاقت کے مطابق آپ سے کئے ہوئے عہد اور وعدے کو نبھا رہا ہوں۔ میں اپنے برے اعمال کے شر سے آپ کی پناہ میں آتا ہوں۔ مجھے آپ کی بے شمار نعمتوں کے اقرار کے ساتھ ساتھ اپنی غفلتوں اور اپنے گناہوں کا پورا اقرار ہے۔آپ مجھے معاف فرما دیں کیونکہ آپ کے علاوہ مجھ جیسے پاپی کو کوئی معاف کرنے والا نہیں۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ يَارَبِّ فَاغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّيْ اِنَّهُ لَايَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ مسند احمد:10681

اے اللہ آپ ہی میرے داتا ہیں اور میں آپ کا بندہ ہوں، میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں اے میرے داتا مجھے میرے گناہ معاف فرما دیں کیونکہ آپ ہی میرے داتا ہیں، بلاشبہ آپ کے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کرتا

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ عَنِّيْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ صحيح البخاری:6368

اے اللہ مجھ سے میری غلطیاں برف اور اولوں کے پانی سے دھو دیں اور میرے دِل کو خطاؤں سے ایسے صاف کر دیں جس طرح آپ نے سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کر دیا ہے، میرے درمیان اور میرے گناہوں کے درمیان ایسی دوری ڈال دیں، جس طرح آپ نے مغرب اور مشرق کے درمیان دوری ڈالی ہے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَا اَخْطَاْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا

أَعْلَنْتُ وَمَا جَهِلْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُّ مسند احمد:1925

اے اللہ! میں نے جو گناہ غلطی سے کیے یا جو جان بوجھ کر کیے اور جو چھپ کر کیے اور جو کھُل کر کیے اور جو لاعلمی سے کیے اور جو جان بوجھ کر کیے سب معاف فرما دیں

- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسَأْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى سنن ابی داؤد:5054

اے اللہ میرے گناہ معاف کر دیں اور میرے شیطان کو نامراد کر دیں اور میرے بوجھ کو ہلکا کر دیں اور مجھے اعلیٰ مجلس میں شامل فرما لیں

- اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَخَطَايَايَ كُلَّهَا، اَللّٰهُمَّ أَنْعِشْنِيْ، وَاجْبُرْنِيْ وَاهْدِنِيْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ، فَاِنَّهُ لَايَهْدِيْ لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئُهَا اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ مجھے میرے سارے گناہ معاف کر دیں اور میری ساری غلطیاں معاف کر دیں اور مجھے عافیت دے کر میرے نقصان پورے فرما دیں اور اچھے اعمال اور اخلاق کی طرف میری رہنمائی فرمائیں، کیونکہ اچھے اعمال کی رہنمائی اور بُرے اخلاق کو دور ہٹانے والے صرف آپ ہی ہیں صحيح الجامع الصغير: 1266

- اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ الصحيح للمسلم:6869

اے اللہ میں نے اپنی جان پر بہت زیادہ ظلم کیا ہے اور آپ کے سوا گناہوں کو کوئی معاف نہیں کرتا مجھے اپنی طرف سے خصوصی معافی عطا کر دیں اور مجھ پر رحم فرما دیں

بلاشبہ آپ بہت زیادہ معاف کرنے والے، ہمیشہ رحم کرنے والے ہیں

- اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ یَا اللّٰہُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ، اَنْ تَغْفِرَلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ سنن ابی داود:985

اے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں، اے اللہ آپ اکیلے اور ایسے بے نیاز ہیں کہ جس کی نہ کوئی اولاد ہے نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور کوئی اس کی برابری کرنے والا نہیں ہے یہ کہ میرے لیے میرے گناہ معاف کردیں بلاشبہ آپ بہت زیادہ معاف کرنے والے اور رحم کرنے والے ہیں

- اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

اے اللہ مجھے معاف کردیں اور مجھ پر رحم کردیں اور میری توبہ قبول فرمادیں بلاشبہ آپ ہی بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والے ہمیشہ رحم کرنے والے ہیں مسند احمد:5354

- اَللّٰھُمّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ کُلَّہٗ دِقَّہٗ وَجِلَّہٗ وَاَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ وَعَلَانِیَّتَہٗ وَسِرَّہٗ

اے اللہ میرے سارے چھوٹے، بڑے پہلے اور پچھلے ظاہر اور پوشیدہ سب گناہ معاف فرمادیں الصحیح للمسلم:1084

- اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ

اے اللہ مجھے معاف فرمادیں اور مجھ پر رحم کردیں اور مجھے ہدایت دے دیں اور مجھے عافیت دے دیں اور مجھے رزق دے دیں الصحیح للمسلم:6550

- اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

اے اللہ بلاشبہ آپ بہت زیادہ معاف کرنے والے ہیں، معافی کو پسند کرتے ہیں مجھے معاف فرمادیں جامع الترمذی:3513

- رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

میرے داتا مجھے معاف فرما دیں اور میری توبہ قبول فرمائیں بلاشبہ آپ ہی بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والے ہمیشہ رحم کرنے والے ہیں سنن ابی داود:1516

- اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ جامع الترمذی:3577

میں بہت زیادہ عظمت والے ایسے اللہ سے معافی مانگتا ہوں کہ جس کے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے وہ ہمیشہ زندہ اور ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے اور میں اُس کی طرف توبہ کرتا ہوں

- اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ صحیح البخاری:6307

میں اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتا ہوں اور اُسی کی طرف توبہ کرتا ہوں

- رَبِّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ الصحیح للمسلم:518

اے میرے داتا قیامت والے دِن میرے گناہ معاف فرما دینا

- سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ

آپ پاک ہیں اپنی حمد کے ساتھ میں آپ سے معافی مانگتا ہوں اور آپ کی طرف توبہ کرتا ہوں الصحیح للمسلم:1086

- سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ سنن ابی داود:4859

اے اللہ آپ اپنی تعریف کے ساتھ پاک ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے میں آپ سے معافی مانگتا ہوں اور آپ کی طرف توبہ کرتا ہوں

دُنیا اور آخرت کے سب خزانے سمیٹنے کے لیے اِستغفار کے مندرجہ بالا کلمات کو روزانہ پڑھتے رہیں